Office of Administrative Trials and Hearings
Help Center

آیا آپ کو اس جگہ پر سمنز موصول ہوئے ہیں جہاں آپ کا اثاثہ ضبط کیا گیا تھا؟

کیا آپ کا اثاثہ ضبط کیا گیا تھا؟

کچھ کیسز میں، ممکن ہے کہ اتھارٹیز نے آپ سے آپ کے اثاثے کا اختیار لے لیا ہو۔ جو اثاثے ضبط کیے گئے ان میں آپ کی گاڑی، کھانے کی فروخت کا دستی ٹھیلا یا ٹرک، بجلی سے چلنے والی بائیک یا موٹر اسکوٹر شامل ہو سکتے ہیں۔ ان کیسز کے لیے، اپنے اثاثوں کو واپس حاصل کرنے کے لیے ایک طریق کار پر عمل کرنا پڑتا ہے۔

آپ سمنز کو چیلنج کر سکتے ہیں:

وہ سمنز جو آپ کو موصول ہوئے تھے انہیں چیلنج کرنے کے لیے آپ کو ایک "فوری سنوائی" کا حق حاصل ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کی سنوائی اسی وقت ہو سکتی ہے۔ آپ کو اپنے سمنز پر سنوائی کی پرنٹ شدہ تاریخ کا انتظار کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

1. **فوری سنوائی کا حق حاصل کرنے کے لیے، آپ کو اپنے سمنز پر پرنٹ شدہ OATH کے مقام کا دورا کرنا ہوگا ۔**
2. OATH سنوائی کا شیڈول ترتیب دے گا اور سنوائی کے وقت اور تاریخ کے بارے میں)عموماً درخواست موصول ہونے کے 72 گھنٹوں کے اندر(آپ کو مطلع کرے گا۔ کچھ خلاف ورزیوں کے لیے، سمنز جاری کرنے والا افسر سنوائی کے موقعے پر پیش ہوگا ۔
3. سنوائی کے بعد، آپ کو OATH کے سنوائی افسر کی جانب سے اسی دن فیصلہ سنایا جائے گا جو یہ فیصلہ کرے گا کہ آیا آپ کے سمنز "رد" ہونے چاہئیں یا آپ "خلاف ورزی" کے مرتکب پائے گئے ہیں۔

آپ سمنز کو تسلیم کر سکتے ہیں اور جرمانہ ادا کر سکتے ہیں:

آپ کو بغیر کسی سنوائی کے سمنز کو تسلیم کرنے اور درکار جرمانہ ادا کرنے کا اختیار بھی حاصل ہے۔ ایسا کرنے کے لیے، آپ کو اپنے سمنز کا نمبر درکار ہوگا۔ آپ جرمانے کو آن لائن، میل کے ذریعے ادا کر سکتے ہیں (اپنی ادائیگی درج ذیل پر ارسال کرتے ہوئے: Finance Commissioner, City of New York, PO Box 4199, Church Street Station, New York, NY 10261-4199) یا ذاتی طور پر۔ *نوٹ: موجودہ حالات کی وجہ سے، OATH صرف مینہیٹن کے OATH دفتر میں شخصی طور پر ادائیگیاں قبول کر رہا ہے۔

کیا کوئی ان سمنز(سمنسز) کو سمجھنے میں میری مدد کر سکتا ہے جو میں نے وصول کیے ہیں؟

جی ہاں، OATH کا ایک معاونتی مرکز ہے جو ضابطہ انصاف کے ایسے ترتیب کاروں (Procedural Justice Coordinators) پر مشتمل ہے جو آپ سے مل سکتے ہیں اور الزامات، سنوائی کے عمل، ممکنہ جرمانوں، اپنا اثاثہ واپس حاصل کرنے کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات، خلاف ورزیوں کی درستگی کے عمل، اور مزید کی وضاحت کر سکتے ہیں! معاونتی مرکز سے رابطہ کرنے کے لیے براہِ کرم نیچے دی گئی ہدایات دیکھیں۔

کیا میں اپنا اثاثہ واپس حاصل کر سکتا ہوں؟

اگرچہ درج ذیل طریق کار پر عمل کرتے ہوئے آپ کا زیادہ تر اثاثہ آپ کو واپس کر دیا جائے گا، تاہم شہر فروخت پر مبنی اثاثے کو اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔ آپ کے اثاثوں کو ممکنہ طور پر رکھنے کے بارے میں نیو یارک شہر کا شعبہ قانون فیصلہ کرے گا (نیچے اقدام نمبر 7 دیکھیں)۔

اگر میرا اثاثہ واپسی کا اہل ہے، تو میں اپنا اثاثہ واپس کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟

اگر آپ کا اثاثہ قابل واپسی ہوا، تو آپ کو درج ذیل کی ضرورت ہو گی:

1. آپ کے سمنز کو رد کرنے یا آپ کو "خلاف ورزی" کا مرتکب پانے سے متعلق OATH کے فیصلے کی نقل۔
2. ایک رسید جو آپ کے جرمانے کی ادائیگی ظاہر کرے، اگر کوئی ہے تو۔
3. ضبط کیے گئے اثاثے کا "انوائس نمبر"۔ (یہ سب آپ اس پولیس تھانے سے رابطہ کر کے حاصل کر سکتے ہیں جس نے سمنز جاری کیے تھے)۔
4. آپ کی تصویری ID، جس میں آپ کا پتہ شامل ہو۔
5. ضبط کیے گئے اثاثے کی ملکیت کا ثبوت۔ براہِ کرم نوٹ کریں کہ اگر آپ سے ضبط کیے گئے اثاثے کسی اور کی ملکیت ہوئے تو اضافی ثبوت کی ضرورت ہو سکتی ہے۔
6. سمنز کی نقل۔

7. **وینڈرز کے لیے:** ایک مرتبہ جب آپ نے اوپر مرتب کردہ دستاویزات حاصل کر لیں، تو ہر دستاویز کی ایک مکمل اور واضح نقل ای میل کریں بنام: ALVendors@law.nyc.gov اور آپ کو مزید ہدایات دی جائیں گی کہ آیا آپ کا اثاثہ واپسی کا اہل ہے، اور، اگر ایسا ہے، تو اپنے اثاثے کو کیسے حاصل کریں۔

8. **نان وینڈرز کے لیے:** ایک مرتبہ جب آپ اپنا اثاثہ واپس حاصل کرنے کے لیے تیار ہوں، تو اپنا اثاثہ حاصل کرنے کے لیے درکار چیزوں کی تصدیق کے لیے ایری بیسن آٹو پاؤنڈ (Erie Basin Auto Pound) سے 718- (2031) 246 پر رابطہ کریں۔ ایسی غیر متوقع صورتحال میں کہ آپ کا اثاثہ وہاں موجود نہ ہو، تو براہِ کرم مزید معاونت کے لیے OATH معاونتی مرکز یا سمنز جاری کرنے والے تھانے (جوسمنز پر درج کردہ ہے) سے رابطہ کریں۔

*** براہِ کرم نوٹ کریں کہ جس قانون نافذ کرنے والی ایجنسی نے آپ کا اثاثہ ضبط کیا ہے وہی آپ کو یہ واپس کرنے کی مجاز ہے۔ ***

مزید معاونت کے لیے، براہِ کرم کسی بھی Oath مقام پر واقع Oath معاونتی مرکز سے، پیر سے جمعہ، صبح 8:00 سے شام 5:00 تک، ٹیلی فون کے ذریعے 0845-436(212) پر، یا Manhelpcenter@oath.nyc.gov پر ای میل کے ذریعے رابطہ کریں۔